**نسلی مساوات کے فروغ پر**
**موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات**

**کامرس اینڈ اکنامک ڈویلپمنٹ بیورو**

کامرس اینڈ اکنامک ڈیولپمنٹ بیورو (CEDB) کامرس اور صنعت (بشمول بیرونی تجارتی تعلقات اور اندرونی سرمایہ کاری کی فروغ دہی)، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں کے لیے تعاون، بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو میں ہانگ کانگ کی شرکت کو فروغ دینے، ٹیلی کمیونیکیشن، براڈکاسٹنگ، دانشورانہ املاک کا تحفظ، صارفین کا تحفظ، مقابلہ، فلم سنسرشپ، فحش اور غیر مہذب مضامین کا کنٹرول، کنونشن اور نمائش، پوسٹل سروسز، تجارتی سہولت اور شراب کے کاروبار، نیز اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی پابندیوں سے متعلق امور کار پر مختلف پالیسیاں بناتا اور نافذ کرتا ہے۔ CEDB کی محکمہ برائے ٹریڈ اور انڈسٹری، بیرون ملک ہانگ کانگ کے اقتصادی اور تجارتی دفاتر، انویسٹ ہانگ کانگ، کمیونیکیشن اتھارٹی کے دفتر، ریڈیو ٹیلی ویژن ہانگ کانگ، انٹلیکچوئل پراپرٹی ڈیپارٹمنٹ، ہانگ کانگ پوسٹ اور کسٹمز اور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے معاونت کی جاتی ہے۔

CEDB عوام کے تمام اراکین کی جانب سے اپنی سروسز تک مساویانہ رسائی کو یقینی بنانے کو بے حد اہمیت دیتا ہے، ان کے نسلی پس منظر سے قطع نظر اور جہاں قابل اطلاق ہو، متنوع نسل کے لوگوں اور ان کی دیگر خصوصی ضروریات کے سلسلے میں سروس کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اقدامات کرتا رہے گا۔

<u>CEDB کے کام کے بارے میں معلومات اور استفسارات کے لیے درخواستیں</u>

| | |
|---|---|
| متعلقہ سروسز | عوام معلومات کی درخواست کر سکتے ہیں اور ای میل، فیکس، ڈاک اور ٹیلی فون کے ذریعے CEDB کے پالیسی شعبوں میں کام کے بارے میں استفسارات کر سکتے ہیں۔ |
| موجودہ اقدامات | CEDB کے کام کے بارے میں معلومات CEDB کی ویب سائٹ (https://www.cedb.gov.hk/) اور متعلقہ سرکاری محکموں اور متعلقہ عوامی اداروں کے ہانگ کانگ کی دو سرکاری زبانوں (یعنی چینی اور انگریزی) میں دستیاب ہے۔<br><br>ہماری انکوائری سروس نسل کے حوالے سے غیر جانبدارانہ ہے، اور موصول ہونے والے استفسارات کی زبان کے مطابق جوابات چینی یا انگریزی زبان میں دیئے جاتے ہیں۔ |
| مستقبل کے کام کی تشخیص | ہم پالیسیاں اور حکمت عملی بناتے وقت متنوع نسل کے لوگوں کی ضروریات کو مدنظر رکھیں گے اور جب ضرورت پڑے گی تو ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنی سروسز کا جائزہ لیں گے۔ |

| | |
|---|---|
| کیے گئے / کیے جانیوالے اضافی اقدامات | متنوع نسل کے لوگوں سے معلومات کی درخواستوں اور استفسارات سے نمٹنے کے لیے، چینی یا انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں ترجمانی اور ترجمے کی سروسز کا انتظام کیا جائے گا۔<br><br>سروسز کے استعمال سے متعلق ڈیٹا مسلسل تشخیص اور سروسز کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے متنوع نسل کے سروس صارفین کے ذریعے اکٹھا کیا جائے گا۔ |

نسلی مساوات کے فروغ پر موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات سے متعلق استفسارات کیلئے، برائے مہربانی محترمہ راچیل وانگ ( Miss Cherry TSE ) ایگزیکٹیو آفیسر (ایڈمنسٹریشن) سے درج ذیل ذرائع کی مدد سے رابطہ کریں–

| | |
|---|---|
| ٹیلی فون: | 3655 5429 |
| فیکس: | 2840 1621 |
| ای میل: | enquiry@cedb.gov.hk |
| ڈاک کا پتہ: | Commerce and Economic Development Bureau<br>23/F, West Wing, Central Government Offices<br>2 Tim Mei Avenue, Tamar, Hong Kong |

**کامرس اینڈ اکنامک ڈویلپمنٹ بیورو**
**مئی 2025**